منصفانہ سماعت کی درخواس ت دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعان ت

OAH – 457-UR
XL0001 (10/12)

یہ نوٹس سنبھال کر رکھیں اور یہ نوٹس اپنی سماعت میں لے کر آئیں ۔

ریاست نیو یارک کاپی مرسلہ بنام:

XXXXX XXXXXXXX
XXXXXXXXXXXXXXXXX
XXXXXX XX XXXXXX

خصوصی خدمات قانون کے سیکشن 22 کے بموجب اور منصفانہ سماعت کی آپ کی درخواست کے جواب میں، آپ کی سماعت درج ذیل وقت اور جگہ پر ہوگی:

| | |
|---|---|
| A منصفانہ سماعت نمبر XXXXXXXX | F سماعت کی جگہ<br>NY OTDA منصفانہ سماعتیں<br>ID مطلوب ہے<br>سیکیورٹی جانچ<br>انٹیک کے وق ت |
| B امداد کی حال ت<br>مقامی دفتر کو منصفانہ سماعت کا فیصلہ جاری ہونے تک اعانت جوں کی توں جاری رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے/نہیں دی گئی ہے۔ پچھلے صفحہ پر پیرا 8 دیکھیں | G ایجنسی<br>XXX/XXX/XXX |
| C نمائندہ | H وق ت XX:XX صبح/شا م |
| D مسائل<br>XXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXX | I زمرہ اور کیس نمبر<br>XX/XXXXXXXXXXXXXXX |
| E تاریخ XX/XX/XX | J منصفانہ سماعت کی تاری خ<br>نئی XX/XX/XX |

فریقوں کو ہدایات

1. اگر آپ نے اس وجہ سے سماعت کی درخواست کی کہ ایجنسی نے آپ کی اعانت، مراعات یا خدمات کو تبدیل کر دیا ہے تو، آپ اپنی اعانت، مراعات یا خدمات تب تک جوں کا جوں موصول کرنے کے مستحق ہو سکتے ہیں جب تک فیصلہ جاری نہ ہو جائے۔ اس کیس میں، ریاستی کمشنر نے منصفانہ سماعت کا فیصلہ جاری ہونے تک ایجنسی کو اعانت جوں کی توں جاری رکھنے کی ہدایت دی ہے/نہیں دی ہے۔
2. اگر آپ شیڈول شدہ میٹنگ میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں تو آپ 5 Beaver Street, New York, NY کے پتے پر ہمارے دفاتر میں یا 877-209-1134 پر بذریعہ فون یا http://otda.ny.gov/oah پر آن لائن برخاستگی کی ایک درخواست کر سکتے ہیں، جہاں آپؔ ایک آن لائن درخواست فارم مکمل کر سکتے ہیں یا فارم پرنٹ کر سکتے ہیں جو ہمیں ڈاک سے بھیجا یا فیکس کیا جا سکتا ہے۔ سماعت کی تاریخ سے قبل دس دن سے کم مدت میں موصولہ برخاستگی کی درخواستوں پر کارروائی کرنے کا معقول وقت نہیں ملے گا۔ اگر آپ کو ہماری جانب سے جواب نہیں ملتا ہے تو یہ مت مان لیں کہ درخواست منظور ہو گئی تھی۔

برخاستگی صرف تب منظور کی جائے گی جب آپ کے پاس حاضر نہیں ہونے کی درست وجہ موجود ہو۔ اگر آپ کو سماعت کی کارروائی کے دوران اعانت، مراعات یا خدمات جوں کی توں موصول ہوتی رہتی ہیں اور آپ برخاستگی کی درخواست کرتے ہیں تو، آپ کی اعانت، مراعات یا خدمات سماعت کے فیصلے تک صرف تبھی جاری رہیں گی جب برخاستگی منظور ہو جائے۔ حاضر ہونے یا آپ کی حاضری کے لیے درست وجہ کے بغیر ہم سے رابطہ کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں آپ کی اعانت ،مراعات یا خدمات جوں کی توں جاری نہیں رہیں گی۔

3. اگر آپ کو تاخیر ہوتی ہے تو، آپ کی سماعت برخاست کرنی پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ یا آپ کا نمائندہ شیڈول شدہ سماعت میں حاضر ہونے میں ناکام رہتے ہیں تو سماعت کی آپ کی درخواست کو بیکار مانا جائے گا الاّ یہ کہ سماعت کی مقررہ تاریخ سے ایک سال کے اندر آپ یا آپؔ کا نمائندہ کیلنڈر میں بحالی کی درخواست کریں اور آپ حاضری میں ناکامی کی معقول وجہ فراہم کریں ۔
4. اگر آپ منصفانہ سماعت کروانے کے مزید خواہاں نہ ہوں تو، براہ کرم ذیل کے بیان پر دستخط کریں اور یہ نوٹس OTDA, Administrative Hearings, P.O. Box 1930, Albany, NY 12201 کے پتے پر واپس بھیجیں ۔

میں منصفانہ سماعت کے لیے اپنی درخواست واپس لینا چاہتا ہوں۔

__________ ________________

دستخط_ تاریخ

اضافی ہدایات کے لیے صفحہ پلٹیں

فریقوں کو ہدایات

1) اپنی سماعت میں درج ذیل چیزیں لائیں: یہ نوٹس؛ گواہ، اگر کوئی ہو؛ دستاویزی شہادت بشمول آپ کی درخواست کے تعلق سے مقامی ایجنسی کے نوٹس؛ کتابیں، ریکارڈز اور دیگر تحریری شہادت ۔

2) آپ کو وکیل سے یا دوسرے نمائندہ سے نمائندگی کروانے کا، دستاویزی شہادت پیش کرنے کا، گواہ کو لانے کا، اور مخالف گواہ اور شہادت سے جرح کرنے کا حق ہے۔ بیشتر کیسز میں، آپ کا نمائندہ (آپ کے اٹارنی کے علاوہ) کے پاس آپ کی نمائندگی کرنے کے لیے تحریر اجازت نامہ ہونا ضروری ہے۔

3) آپ کو سماعت میں آپ پر لاگت کے بغیر لسانی یا اشاراتی ترجمان فراہم کیے جانے کا حق ہے۔ ایک ترجمان محفوظ کروانے کے لیے اس نوٹس کے سامنے والے حصے پر درج NYS OTDA کے پتے پر لکھیں یا 3334-243 (008) پر کال کریں (گویائی یا سمعی معذور افراد: NY ریلے سروسز کو 711 پر کال کریں اور آپریٹر سے ہمیں 6155-205 (778) پر کال کرنے کو کہیں۔)

4) مقامی ایجنسی پر آپ کے لیے، آپ کے نمائندے اور گواہ کے لیے نقل و حمل اور نگہداشت طفل اور اگر ضروری ہو تو، اس سماعت میں حاضری کے تعلق سے دیگر اخراجات فراہم کرنا ضروری ہے۔ براہ کرم ان لاگتوں کی تصدیق، بشمول عوامی نقل و حمل سے سفر کرنے کی عدم اہلیت کی طبی توثیق مقامی ایجنسی کو پیش کرنے کو تیار رہیں۔

5) اگر آپ اپنے کیس ریکارڈ کا جائزہ لینا چاہتے ہیں تو، ہدایات کے لیے اپنی مقامی ایجنسی سے رابطہ کریں۔ یوں تو آپ منصفانہ سماعت میں اپنے کیس ریکارڈ کا معائنہ کر سکتے ہیں، لیکن اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کے کیس ریکارڈ میں مجود معلومات آپ کی سماعت میں آپ کے لیے مفید ہو سکتی ہیں تو، ہماری تجویز ہے کہ آپ اپنی سماعت کی تاریخ سے قبل اس کا جائزہ لیں۔ آپ کے کیس ریکارڈ کا جائزہ لینے کے مقصد سے سماعتیں ملتوی نہیں کی جائیں گی الاّ یہ کہ آپ نے اس طرح کی درخو است کی ہو۔ آپ کو اپنے کیس ریکارڈ کا جائزہ لینے کے لیے منصفانہ سماعت کی درخواست کرنا ضروری نہیں ہے۔ آپ کے کیس ریکارڈوں کے جائزہ یا ان تک رسائی سے کوئی بھی ممانعت ایڈمنسٹریٹو لاء جج کے علم میں لائی جائے۔

6) آپ کو درخواست کرنے پر ان دستاویزات کی نقول جو مقامی ایجنسی سماعت میں پیش کرے گی نیز آپ کی سماعت میں جو دیگر دستاویزات آپ کو درکار ہیں ان کی نقول کی درخواست بغیر لاگت کے کرنے کا حق ہے۔ <u>دستاویزات آپ کو تب تک نہیں بھیجی جائیں گی جب تک آپ ان کے لیے خصوصی درخواست نہیں کریں گے۔</u> اس طرح کی نقول آپ کو فراہم کرنے میں مقامی ایجنسی کی ناکامی کا معاملہ ایڈمنسٹریٹو لاء جج کے علم میں لایا جائے۔

7) اس طرح کی دستاویزات کی درخواست کرنے یا آپ اپنے کیس ریکارڈ کا جس طرح جائزہ لے سکتے ہیں اس کا پتہ کرنے کے لیے، منصفانہ سماعت میں آپ نے جس مقامی ایجنسی کی کارروائیوں کے سلسلے میں درخواست کی اسے کال کریں یا لکھیں۔ اگر آپ کو اپنے کیس کے بارے میں، اپنے کیس فائل تک رسائی اور/یا کسی دستاویزات کی اضافی نقول حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں اضافی معلومات چاہئیں تو بھی آپ کو اس ایجنسی کو کال یا اس سے رابطہ کرنا چاہیے

8) . اگر منصفانہ سماعت کا فیصلہ جاری ہونے تک آپ کی مقامی ایجنسی کو آپ کی اعانت، مراعات یا خدمات جوں کی توں جاری رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے اور آپ کو امداد جاری رکھنے والی مراعات موصول نہیں ہو رہی ہیں تو، براہ کرم اس مقامی ہیلپ سنٹر (مقامی ایجنسی میں یہ نوٹس اپنے ساتھ لائیں اور FH اینڈ C سیکشن کے کارکن سے بات کرنے کو کہیں) NYC سے باہر کے کلائنٹس کو اپنے کارکن سے بات کرنے کو کہنا چاہیے۔)

9) اگر آپ کے پاس یہ یقین کرنے کی معقول وجوہات ہیں کہ تفویض کردہ ایڈمنسٹریٹو لاء جج آپ کی سماعت کے انعقاد میں غیر جانبدار نہیں رہ سکتے تو، آپ کو سماعت میں یہ گزارش کرنے کا حق ہے کہ ایک مختلف ایڈمنسٹریٹو لاء جج تفویض کیے جائیں۔